# مدرسة دبائی جراند الدولية سرينجار

**الموضوع: اللغة العربية و دراسةالاسلاميّة** **الصّف: الثّانی**

## عنوان: سورۃ الاخلاص

**سوالات کے جوابات لکھیئے۔**

سوال نمبر۱: سورۃ الاخلاص میں کل کتنی آیتیں ہیں؟

جواب: سورۃ الاخلاص میں کل چار آیتیں ہیں۔

سوال نمبر۲: کیا اللہ نے کسی کو جنا ہے یا کسی نے اللہ کو جنا ہے؟

جواب: نہیں اللہ نے کسی کو نہیں جنا ہے نہ اللہ کو کسی نے جنا ہے۔

سوال نمبر۳: سورۃ الاخلاص میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ الاخلاص میں توحید کا مطلب بیان کیا گیا ہے۔

## عنوان: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

**سوالات کے جوابات لکھیئے۔**

سوال نمبر۱: لا الٰہ الا اللہ کا مطلب کیا ہے؟

جواب: لا الٰہ الا اللہ کا مطلب یہ ہے کی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

سوال نمبر۲: سب سے بڑا کون ہے؟

جواب: سب سے بڑا اللہ ہے۔

سوال نمبر۳: اللہ کس چیز سے شفا دیتا ہے؟

جواب: اللہ بیماریوں سے شفا دیتا ہے۔

## عنوان: حضرت آدم علیہ السّلام۔ پہلا انسان

**سوالات کے جوابات لکھیئے۔**

سوال نمبر۱: دنیا کا سب سے پہلا آدمی کون تھا؟

جواب: دنیا کا سب سے پہلا آدمی حضرت آدم علیہ السّلام تھا۔

سوال نمبر۲: آدم علیہ السّلام کو اللہ نے زمین پر کیا بنا کر بھیجا؟

جواب: آدم علیہ السّلام کو اللہ نے زمین پر اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا۔

## عنوان: اللہ کے نبی علیہم السّلام

**سوالات کے جوابات لکھیئے۔**

سوال نمبر ۱: اللہ نے نبیوں اور رسولوں کو کیوں بھیجا؟

جواب: اللہ نے نبیوں اور رسولوں کو اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے بھیجا۔

سوال نمبر ۲: نبی اور رسول کیوں آتے ہیں؟

جواب: نبی اور رسول اللہ کا پیغام پہنچانے اور لوگوں کی رہنمائی کرنے کے لئے آتے ہیں۔

سوال نمبر ۳: پانچ بڑے پیغمبروں کے نام لکھیئے۔

جواب: پانچ بڑے پیغمبروں کے نام یوں ہیں

۱) حضرت نوح علیہ السلام

۲) حضرت ابراہیم علیہ السلام

۳) حضرت موسیٰ علیہ السلام

۴) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

۵) حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وسلم

## صراط اللغة العربيّة

## الدّرس الاوّل – هذا

☆ اسم اشارہ: وہ اسم ہے جسکے ذریعے ہم کسی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہے۔

☆ ھذا بھی اسم اشارہ ہے اور اس کے ذریعے ہم نزدیک کی چیزوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں اس لئے اسکو اسم اشارہ للقریب کہا جاتا ہے۔

☆ ھذا کے ذریعے ہم صرف ان چیزوں کی طرف اشارہ کر سکتے ہیں جو مذکر اور مفرد/واحد ہو جیسے کِتَابٌ۔ کِتَابٌ مذکر ہے اور واحد ہے اسلئے ہم اسکے ساتھ ھذا استعمال کر سکتے ہیں

ھذا کِتَابٌ - یہ کتاب ہے

☆ ھذا کا معنیٰ "یہ" ہے

**Exercises** تمارین

اِقرأ واكتب **Read and write**

جَمَلٌ ـــــ جَمَلٌ كِتَابٌ ـــــ كِتَابٌ مَسجِدٌ ـــــ مَسجِدٌ

Follow the above given pattern and complete the question accordingly

تَرجّم بِالعَرَبِیّۃ: Translate into Arabic

یہ قلم ہے هذا قَلَمٌ یہ گھوڑا ہے هذا فَرَسٌ یہ اُستاد ہے هذا مُدَرِّسٌ

یہ گھر ہے هذا بَیتٌ یہ گدھا ہے هذا حِمَارٌ یہ چارپائی ہے هذا سَرِیرٌ

یہ میز ہے هذا مَكتَبٌ یہ اُونٹ ہے هذا جَمَلٌ یہ کرسی ہے هذا کُرسِیٌّ

یہ پینسل ہے هذا مِرسَمٌ یہ طالب علم ہے هذا طَالِبٌ یہ دروازہ ہے هذا بَابٌ

تَرجّم بِالاُردُیّۃِ: Translate into Urdu

هذا سَرِیرٌ یہ چارپائی ہے هذا قَلَمٌ یہ قلم ہے هذا مِرسَمٌ یہ پینسل ہے

هذا بَابٌ یہ دروازہ ہے هذا مِفتَاحٌ یہ چابی ہے هذا قُفلٌ یہ تالا ہے

هذا وَلَدٌ یہ لڑکا ہے هذا طَالِبٌ یہ طالب علم ہے هذا مَسجِد یہ مسجد ہے

هذا بَیتٌ یہ گھر ہے هذا مُدَرِّسٌ یہ اُستاد ہے هذا كَلبٌ یہ کتّا ہے

## الدّرس الثّانی

☆ "ما" یہ حرف استفہام ہے اس کے ذریعے سوال پوچھا جاتا ہے۔

☆ "ما" حرف استفہام غیر عاقل (جو بول نہ سکتے ہوں) کے متعلق سوال پوچھنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے مثلاً اگر ہمیں قلم کے بارے میں پوچھنا ہوتو ہم عربی میں اسکو یوں کہیں گے۔ماھذا (یہ کیا ہے)

☆ "ما" کا معنیٰ کیا ہے۔

## Exercises تمارین

**Read and write** ۞ **اِقرأ واكتب**

هذا نَجمٌ <u>هذا نَجمٌ</u> مَا هذا <u>مَا هذا</u> هذا قَلَمٌ <u>هذا قَلَمٌ</u>

Follow the above given pattern and complete the question accordingly .

Translate into Arabic ۞ **تَرجّم بِالعَرَبِيّة:**

یہ کیا ہے؟ <u>مَا هذا؟</u> یہ کتاب ہے <u>هذا كِتَابٌ</u> یہ کتّا ہے <u>هذا كَلبٌ</u>

یہ اُونٹ ہے <u>هذا جَمَلٌ</u> یہ کیا ہے؟ <u>مَا هذا ؟</u> یہ تارا ہے <u>هذا نَجمٌ</u>

یہ پینسل ہے <u>هذا مِرسَمٌ</u> یہ گلاب ہے <u>هذا وَردٌ</u>

Translate into Urdu ۞ **تَرجّم بِالاُردُيّةِ:**

مَا هذا؟ <u>یہ کیا ہے؟</u> هذا قَمِيصٌ <u>یہ قمیض ہے</u> هذا لَبَنٌ <u>یہ دودھ ہے</u>

هذامَاءٌ <u>یہ پانی ہے</u> مَا هذا؟ <u>یہ کیا ہے؟</u> هذا حَجَرٌ <u>یہ پتھر ہے</u>

هذا طَائِرٌ <u>یہ پرندہ ہے</u> هذا بَبغَاءٌ <u>یہ طوطا ہے</u> هذا مِرسَمٌ <u>یہ پینسل ہے</u>

هذا جَمَلٌ <u>یہ اُونٹ ہے۔</u>

### الدّرس الثّالث

☆ذٰلِکَ بھی اسم اشارہ ہے۔اس کے ذریعے ہم دور کی چیزوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

☆ذٰلِکَ کا استعمال واحد/مفرد اور مذکر کے لئے کیا جاتا ہے۔جیسے ذٰلِکَ وَلَدٌ -وہ لڑکا ہے۔

☆ذٰلِکَ کو اسم اشارہ للبعید بھی کہتے ہیں۔

## Exercises تمارین

**Read and write** **اِقرأ واکتب**

سِکِینٌ سِکِینٌ مِصبَاحٌ مِصبَاحٌ رَجُلٌ رَجُلٌ

Follow the above given pattern and complete the question accordingly .

Translate into Arabic **ترجّم بِالعَرَبِیّة:**

وہ کھیت ہے ذٰلِکَ حَقلٌ وہ کھڑکی ہے ذٰلِکَ شَبَّاکٌ وہ پہاڑ ہے ذٰلِکَ جَبَلٌ

وہ مچھلی ہے ذٰلِکَ سَمَکٌ وہ بھیڑیا ہے ذٰلِکَ ذِئبٌ وہ مکھی ہے ذٰلِکَ ذُبَابٌ

Translate into Urdu **تَرَجّم بِالاُردُیّۃِ:**

ذٰلِکَ خَیَّاطٌ وہ درزی ہے ذٰلِکَ قِردٌ وہ بندر ہے ذٰلِکَ حَقلٌ وہ کھیت ہے

ذٰلِکَ جَبَلٌ وہ پہاڑ ہے ذٰلِکَ حَجَرٌ وہ پتھر ہے ذٰلِکَ ذُبَابٌ وہ مکھی ہے

## الدّرس الرّابع

**DO all the exercises of this chapter yourself**

**Note:**

1.Read all the chapters thoroughly.

2. Do book work of Duroos-ul-islam by yourself.

3. Write down pages for each new word from Arabic text book(chapter 1-4).